| | |
|---|---|
| اور ایک درخت ہے جو نکلتا ہے طورِ سینا سے، اُگتا ہے | وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ |
| تیل لیے ہوئے جو سالن بھی ہے کھانے والوں کے لیے ﴿۲۰﴾ | بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿۲۰﴾ |
| اور یقیناً تمہارے لیے ہے مویشیوں میں بھی ایک مقامِ غور وفکر | وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ |
| پلاتے ہیں ہم تم کو اس میں سے جو اُن کے پیٹوں میں ہے | نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهَا |
| اور تمہارے لیے اُن میں بہت سے اور فائدے بھی ہیں | وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ |
| اور اُنہی میں سے بعض کو تم کھاتے ہو ﴿۲۱﴾ | وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۲۱﴾ |
| اور ان پر اور کشتیوں پر تم سوار کیے جاتے ہو ﴿۲۲﴾ | وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ |
| اور بے شک بھیجا ہم نے نوحؑ کو اس کی قوم کی طرف | وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ |
| سو کہا اس نے اے میری قوم ! عبادت کرو اللہ کی | فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ |
| نہیں ہے تمہارا کوئی معبود اس کے سوا تو کیا تم ڈرتے نہیں؟ ﴿۲۳﴾ | مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۲۳﴾ |
| تو کہا اُن سرداروں نے جنہوں نے انکار کیا تھا ماننے سے | فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا |
| اس کی قوم میں سے، نہیں ہے یہ مگر ایک بشر تم ہی جیسا | مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ |
| یہ چاہتا ہے کہ برتری حاصل کرے تم پر | يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ؕ |
| اور اگر چاہتا اللہ (پیغمبر بھیجنا) تو اُتارتا فرشتوں کو (پیغمبر بنا کر) | وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۖۚ |
| نہیں سُنا ہم نے ایسا (بشر کا پیغمبر ہونا) | مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا |
| اپنے آباؤ اجداد کے وقتوں میں بھی ﴿۲۴﴾ | فِىْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ |
| بات کچھ نہیں ہے مگر یہ کہ اس شخص کو جنون لاحق ہو گیا ہے | اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ |
| سو انتظار کرو اس کے بارے میں کچھ مُدت ﴿۲۵﴾ | فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۲۵﴾ |

| | |
|---|---|
| قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ | نوحؑ نے عرض کیا اے میرے رب! میری مدد فرما |
| بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۲۶﴾ | وہی (عذاب بھیج کر) جس پر یہ مجھے جھٹلا رہے ہیں ﴿۲۶﴾ |
| فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ | پھر وحی بھیجی ہم نے اُس کی طرف کہ بناؤ ایک کشتی |
| بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ | ہماری نگرانی میں اور ہماری وحی کے مطابق پھر جب آجائے |
| اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا | ہمارا عذاب اور اُبل پڑے تنور تو بٹھالو اس میں |
| مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ | ہر قسم کے جانوروں میں سے جوڑا جوڑا اور اپنے گھر والوں کو بھی |
| اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ | سوائے اُن کے جن کے بارے میں پہلے فیصلہ ہو چکا ہے اُن میں سے |
| وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ | اور کچھ نہ کہنا تم مجھ سے اُن لوگوں کے متعلق جو |
| ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۷﴾ | ظالم ہیں یقیناً وہ غرق ہو کر رہیں گے ﴿۲۷﴾ |
| فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ | پھر جب سوار ہو جاؤ تم اور وہ سب جو تمہارے ساتھ ہیں |
| عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ | کشتی پر تو کہنا شکر اس اللہ کا جس نے |
| نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۸﴾ | نجات دی ہمیں ان لوگوں سے جو ظالم ہیں ﴿۲۸﴾ |
| وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا | اور دُعا کرنا اے میرے مالک! اتارنا مجھ کو برکت والی جگہ |
| وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۲۹﴾ | اور تو ہی ہے بہترین جگہ دینے والا ﴿۲۹﴾ |
| اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ | بے شک اس واقعہ میں بہت سی نشانیاں ہیں |
| وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ﴿۳۰﴾ | اور یقیناً ہم آزمائش تو کر کے ہی رہتے ہیں ﴿۳۰﴾ |
| ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۳۱﴾ | پھر پیدا کیے ہم نے ان کے بعد دوسرے دور کے لوگ ﴿۳۱﴾ |

| | |
|---|---|
| بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِىْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ | مگر ان کے دل غافل ہیں اس (بات) سے اور ان کے پاس |
| اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿٦٣﴾ | اور بہت سے کام ہیں اس کے علاوہ جو وہ کر رہے ہیں ﴿٦٣﴾ |
| حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ | یہاں تک کہ جب ہم مبتلا کریں گے اُن کے خوشحال لوگوں کو |
| بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ﴿٦٤﴾ | عذاب میں تو وہ بلبلا اُٹھیں گے ﴿٦٤﴾ |
| لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿٦٥﴾ | (کہا جائے گا) مت چلّاؤ آج ۔ یقیناً تم کو ہم سے کوئی نہیں بچاسکتا ﴿٦٥﴾ |
| قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِىْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ | یقیناً میری آیات پڑھ کر سُنائی جاتی تھیں تمہیں |
| فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿٦٦﴾ | تو تم اُلٹے پاؤں بھاگ نکلتے تھے ﴿٦٦﴾ |
| مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖ | اپنے گھمنڈ میں مبتلا رہتے ہُوئے ، |
| بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿٦٧﴾ | اس پر پھبتیاں کستے ہُوئے ، بے ہودہ بکواس کرتے تھے ﴿٦٧﴾ |
| اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ | کیا پھر کبھی نہیں غور کیا اُنھوں نے اس کلام پر ؟ |
| اَمْ جَآءَهُمْ مَّا | یا آئی ہے اُن کے پاس کوئی ایسی بات جو |
| لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾ | نہیں آئی تھی ان کے پہلے آباؤ اجداد کے پاس ؟ ﴿٦٨﴾ |
| اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ | یا نہیں پہچانتے ہیں یہ اپنے رسُول کو |
| فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿٦٩﴾ | اس لیے یہ اس سے بدکتے ہیں ؟ ﴿٦٩﴾ |
| اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلْ | یا یہ کہتے ہیں کہ وہ دیوانہ ہے ؟ نہیں بلکہ اصل بات یہ ہے کہ |
| جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ | آیا ہے وہ ان کے پاس حق لے کر اور اُن کی اکثریت |
| لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿٧٠﴾ | حق کو ناپسند کرتی ہے ﴿٧٠﴾ |

| | |
|---|---|
| لَعَلِّيْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ | اُمید ہے کہ مَیں کروں گا نیک عمل اپنی چھوڑی ہُوئی دُنیا میں |
| كَلَّا ۭ اِنَّهَا كَلِمَةٌ | ہرگز نہیں ، یہ تو بس ایک بات ہے جو |
| هُوَ قَآئِلُهَا ۭ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ | وہ کہہ رہا ہے ۔ اب تو اُن کے پیچھے |
| بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝١٠٠ | برزخ ہے اُس دن تک کہ سب دوبارہ اُٹھائے جائیں گے ۝١٠٠ |
| فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ | پھر جب پھونکا جائے گا صور تو نہ باقی رہیں گے رشتے ناتے |
| بَيْنَهُمْ يَوْمَىِٕذٍ وَّلَا يَتَسَآءَلُوْنَ ۝١٠١ | اُن کے درمیان اُس دن اور نہ وہ ایک دوسرے کو پوچھیں گے ۝١٠١ |
| فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ | سو جن کے بھاری ہوں گے پلڑے |
| فَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝١٠٢ | سو وہی فلاح پائیں گے ۝١٠٢ |
| وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓىِٕكَ | اور جن کے ہلکے ہوں گے پلڑے سو وہی ہیں |
| الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ | جنہوں نے گھاٹے میں ڈال دیا اپنے آپ کو |
| فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ۝١٠٣ | اور جہنم میں یہ ہمیشہ رہیں گے ۝١٠٣ |
| تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ | جھلس دے گی اُن کے چہروں کو آگ |
| وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ۝١٠٤ | اور وہ اس میں انتہائی بدشکل ہوں گے ۝١٠٤ |
| اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى | اُن سے کہا جائے گا کیا ایسا نہیں تھا کہ میری آیات پڑھی جاتی تھیں |
| عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ۝١٠٥ | تمہارے سامنے اور تم اُنہیں جھٹلایا کرتے تھے ۝١٠٥ |
| قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ | وہ عرض کریں گے اے ہمارے مالک ! چھا گئی تھی |
| عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ۝١٠٦ | ہم پر ہماری بدبختی اور تھے ہم گمراہ لوگ ۝١٠٦ |

| | |
|---|---|
| قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ | وہ کہیں گے رہے ہم ایک دن یا دن کا کچھ حصّہ، |
| فَسْـَٔلِ الْعَآدِّيْنَ ﴿۱۱۳﴾ | پوچھ لیجیے شمار کرنے والوں سے ﴿۱۱۳﴾ |
| قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا | ارشاد ہوگا، نہیں رہے تھے تم مگر تھوڑی دیر |
| لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ | کاش! تم جانتے اس حقیقت کو ﴿۱۱۴﴾ |
| اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ | کیا تم نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ ہم نے جو پیدا کیا ہے تم کو |
| عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ | یہ بے مقصد تھا اور یہ کہ تم |
| اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ | ہماری طرف نہیں لوٹائے جاؤ گے؟ ﴿۱۱۵﴾ |
| فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ | سو بالا و برتر ہے اللہ بادشاہِ حقیقی، |
| لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ | نہیں ہے کوئی معبود سوائے اس کے |
| رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ | جو مالک ہے عرشِ کریم کا ﴿۱۱۶﴾ |
| وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ | اور جس نے پکارا اللہ کے ساتھ |
| اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ | کسی دوسرے معبود کو، نہیں ہے کوئی دلیل |
| لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا | اس کے پاس اس بات کی، تو یقیناً |
| حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ | اس کا حساب اس کے رب کے ہاں ہوگا |
| اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ | واقعہ یہ ہے کہ کبھی نہیں فلاح پاتے |
| الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ | ایسے کافر ﴿۱۱۷﴾ |
| وَقُلْ رَّبِّ | اور اے نبی دُعا کرو اے میرے مالک! |
| اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ | بخش دے اور رحم فرما اور تُو ہے |
| خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ | سب سے بہتر رحم فرمانے والا ﴿۱۱۸﴾ |